RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۱۳ | مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۵ شوال ۱۳۱۲ھ مطابق یکم اپریل ۱۸۹۵ء | جلد

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	صفحہ	صفحہ	نام مضمون	
	احکام اجلاس کامل				
۱	بابت تیاری کوٹھی برائے قیام حضور پرنور	۱	۳	روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور	ضمیمہ
۲	نسبت رجوع تکمیل عن الملت	۲-۳	۴	نقشہ حیات و ممات	؍؍
			۵	نقشہ نوشخانہ اجناس	؍؍

حکم اجلاس کامل کونسل - واقع ۱۷ فروری ۱۸۹۵ء

وسط قلعہ مین ایک پالس یعنی کوٹھی واسطے قیام حضور پرنور تیار ہوگا جسکے صحن و باغچہ وغیرہ کے لیے علاوہ مکانات سرکاری کی مکانات متعددہ کاظم علیخان صاحب و نیز مکان سکونہ عنجبلی بیگم صاحبہ سے مطلوب ہون گے - ریاست سے بادائے معاوضہ یہ مکانات خرید ہونگے - لہذا تجویز ہوا کہ بغرض کارروائی معاوضہ روئداد ہذا صاحب جنرل بہادر کے پاس بھیجی جاوے صاحب موصوف جملہ ورثای کاظم علیخان صاحب کو باجلاسے نوٹش ضابطہ بتعین تاریخ مطلع کردین گے -

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم الملکہم

دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب جج و ریشل ممبر بہادر

دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم اجلاس کامل کونسل ریاست رامپور - واقع ۲۰ مارچ ۱۸۹۵ء

آج یہ مسل بحضور ہزہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ قاعدہ مرتبہ صاحب جوڈیشل ممبر بہادر منظور ہے گزٹ مین شایع کیا جاوے اور بموجب قاعدہ مذکور عملدرامد کیا جاوے - نسبت رسوم اسٹامپ مندرجہ قاعدہ ہذا کے ایک تنبیہ قانون رسوم اسٹامپ مین قائم کیجاوے - مسل بنابر کارروائی ضابطہ باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو -

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

نقل حکم کونسل معہ نقل قاعدہ منظور شدہ پاس منصرم مطبع بنابر اندراج گزٹ مرسل ہو اور منصرم مطبع کو لکھا جاوے کہ پندرہ پرت قاعدہ کی علیحدہ طبع کراکے واسطے تقسیم کے بھیجدین - ایک نقل حکم کونسل بخدمت صاحب مشیر قانون مرسل ہو کہ حسب قاعدہ قانون اسٹامپ مین تنبیہ قایم کرالین - ۲۴ مارچ ۱۸۹۵ء

دستخط ... عظیم ...

قاعدہ نسبت وقوع نکول عن الحلف متعلق عدالتہائے دیوانی وعدالت خفیفہ ریاست رامپور

اجلاس کونسل مین دو مقدمات اپیل کے مندرجہ حاشیہ ایسے پیش ہوے جنمین بحث عائد ہونے حلف ونکول کی تھی درحقیقت ایسے فیصلجات جو خلاف منکرین عن الحلف کے بسبب وقوع نکول کے عدالت ابتدائی مین صادر ہون اونکا اپیل مسموع نہونا چاہیے کیونکہ جب یہ حکم اصول شرع کا کہ الیمین علی من انکر اوس شخص پر حتمی اور قطعی طور پر واجب الاتباع ہوجاتا ہے جسپر شرعاً حلف عاید ہوا تو اوسکی تعمیل کے انکار سے بھی قطعی فیصلہ ضرور اوسکے خلاف صادر ہونا مقتضاے احکام شرع اور انصاف کا ہے چنانچہ اسی بنیاد پر ایک حکم ریاست ہذا مرقومہ پنجم شہر رجب ۱۲۸۲ہجری صادر ہوا تھا کہ جو شخص عدالت مین حلف سے نکول کریگا حسب آئین شریعت غرا فیصلہ اوسکے خلاف بحق فریق مخالف اوسکے صادر کیا جاویگا پھر اوسکا کچھ عذر مرافعہ مین نہین سنا جائیگا -

مقدمہ نمبر ۲۴
احمد شاہ خان مدعی علیہ اپیلانٹ بنام مسماۃ درنجبت بیگم وغیرہ رسپانڈنٹ
اپیل بناراضی فیصلہ عدالت ججی نسبت توجہ حلف

مقدمہ نمبر ۲۵
مہر شاہ خان وغیرہ مدعا علیہم اپیلانٹ بنام محمدی بیگم وغیرہ رسپانڈنٹ
دعوے تقسیم حصہ فرایضی دو دوشالہ وغیرہ

لیکن پورے طور پر اسکی کبھی تعمیل نہوئی اور برابر اپیل ایسے مقدمات کے دائر اور فیصل ہوتے رہے ہین حالانکہ جب مدعی ثبوت دینے سے مجبور ہوجاتا ہے تب مدعا علیہ کے حلف پر اپنی حق رسی کا مدار سمجھکر درخواست کرتا ہے اس حالت مین اگر مدعا علیہ اپنے بیان انکار مین سچا ہو تو کوئی وجہ نہین کہ وہ حلف نکرے اور ایسی حالت مین اوسکو حلف کرنے سے انکار کرنا کسیطرح مناسب اور جایز نہین اور ہرگاہ کہ وہ حلف نہین کرتا تو اوسوقت مدعی کے دعوے کی صحت بمقابلہ مدعا علیہ کے ضرور تسلیم ہونی چاہیے البتہ حلف عائد ہونا اوس حالت مین تجویز کیا جاے جبکہ صرف اوسکے حلف پر فیصلہ مقدمہ کا مدار ہو اور ایسی ہی حالت مین حلف کے لئے ضرور تا اوسکو مجبور کیا جاسکتا ہے

اس قسم کا فیصلہ قطعی سمجھا جائیگا نہ اوس فیصلہ مین تبدیلی ہوسکے اور نہ اپیل وغیرہ اوسکا سماعت ہو۔

ابتک یہ دستور ہو رہا ہے کہ عدالت ماتحت سے جو نسبت عائد ہونے حلف کے تجویز کیجاتی ہے اوسکی نسبت اون لوگون کے عذرات کا فیصلہ جو اپنے نسبت حلف ہونے سے انکار کرتے ہین عدالت ہائے اعلے اپیل تک سماعت اور تجویز ہوا کرتا ہے یعنی عدالتہائے ماتحت مین جب حلف کسیکی نسبت عائد ہونا تجویز کیا جاتا ہے تو اوس شخص کا یہ بیان ہوتا ہے کہ جب عدالت اپیل اعلے کی بھی رائے نسبت عائد ہونے حلف کے ہوگی تو ہمکو کچھ عذر حلف کرنے مین نہوگا حالانکہ یہ بیان انکاری نکول کی حد تک نہین پہونچتا لہذا مناسب اور ضرور معلوم ہوا کہ جو فیصلہ جات عدالتہائے ماتحت نکول کی بناء پر ہون وہ ناطق کرنے جاوین اونکی نسبت کوئی عذر یا اپیل کسی عدالت مین سماعت کیا جاوے بشرطیکہ اس قسم کی تحقیقات کا فیصلہ بہ تجویز عدالت ماتحت بپابندی طریقہ مفصلہ ذیل ہو۔

طریقہ

اور وہ یہ ہی کہ جب حاکم عدالت کبھی مقدمہ مین کسی فریق کی نسبت حلف عائد ہونا تجویز کرین تو بعد رفع عذرات فریقین بہت صاف طور پر بحوالہ مسائل شرعیہ تجویز فرمادین کہ کس امر کے بابت کس فریق کے ذمہ حلف شرعًا عائد ہوتا ہی اگر اس تجویز کے بعد فریق کو اوسکی نسبت عذر دار ہو کر بہ تحریر وجوہات یہ مستدعا کرے کہ حلف کے عائد ہونے یا نہونے کی نسبت عدالت اعلی اپیل سے استصواب کرلیا جاوے اگر عدالت اعلی سے حلف کا عائد ہونا تجویز ہو تو حلف کرنے مین کچھ عذر نہوگا اوسوقت حاکم عدالت موصوف کو لازم ہی کہ فورًا اوسکے عذرات تحریری لیکر اور اونکی نسبت اپنی رائے تحریر فرماکر بذریعہ صاحب جج بہادر عدالت اعلی اپیل مین اون مراتب خاص کی نسبت استصواب کے واسطے ارسال کرین تا آنے جواب استصواب مذکور کے مقدمہ کے بقیہ کارروائی ملتوی رکھین عدالت اعلی اون عذرات کی سماعت کریگی جو فریقین اوس مقدمہ کے اصالتًا یا وکالتًا پیش کرین بعدہ نسبت امر مستصوبہ کے تجویز صادر کرکے نقل اوسکی عدالت استصواب کنندہ مین بھیجدینگے جب استصواب کا جواب آجاوے تب اوسکے منشاء کے مطابق بقیہ کارروائی ختم کرکے فیصلہ خیر صادر کیا کرین کہ بعد تکمیل مراتب مذکور جو فیصلہ بروئے نکول مفتی صاحب کی عدالت سے صادر ہوگا وہ جہانتک حصہ نکول سے تعلق ہوگا قطعی تصور کیا جائیگا اگرچہ خرچہ اس استصواب مین ہوا ہوگا تو وہ خرچہ مقدمہ کا جزو سمجھا جاویگا۔

تنبیہ اس قسم کی درخواست اسٹامپ مفصلہ ذیل پر گذریگی۔

پچاس روپیہ تک کے مقدمہ مین ۸ ر

سو روپیہ تک کے مقدمہ مین عہ ر

سو سے زائد جہانتک ہو ۲ ر

اور واضح رہے کہ بتنبیہ قانون اسٹامپ نمبر ۱۴ مجریہ ریاست ہذا مین جو منظوری اجلاس کامل کونسل آف ریجنسی ۲۴ اکتوبر سنہ ۱۸۹۴ء کے یکم نومبر ۱۸۹۴ء سے نافذ ہوا ہے متعلق رسوم اسٹامپ عدالت قائم کردیجاوے اور یہ قاعدہ مقدمات عدالت خفیفہ سے بھی متعلق ہوگا۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

یہ نوٹ بغرض منظوری اجلاس کامل کونسل مین پیش ہو — ۱۹ مارچ سنہ ۱۸۹۵ء

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر واقع ۲۱ مارچ ۱۸۹۵ء

احکام لکھدئے گئے سکرٹری میونسپل بورڈ کو اطلاع دیجاوے اور نقل اسکی برائے طبع مطبع کو مرسل ہو۔

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ ۵ مارچ ۱۸۹۵ء

جناب مولوی محمد اصغر صاحب بہادر اسسٹنٹ جج صدر نشین کمیٹی

منشی محمد ہادی حسن خانصاحب مجسٹریٹ نائب صدر نشین کمیٹی

منشی نند کشور صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ شہر سکرٹری کمیٹی

ملازمین

(۱) پنڈت ڈوری لال صاحب — بخشی فوج — ممبر

(۲) پنڈت رام دیال صاحب — ڈاکٹر فوج — ممبر

غیر ملازمین

(۱) صاحبزادہ علی مظفر خانصاحب — ممبر

(۲) صاحبزادہ گمن خانصاحب — ممبر

(۳) منشی محمد ابراہیم صاحب — وکیل ممبر

(۴) مرزا احمد حسن — "

(۵) منشی رشید علیخان صاحب — "

(۶) حافظ مستقیم صاحب — ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی	حکم محکمہ اجلاس اعلے
۱۔ عرضی حشمت علیخان مدرجہ درخواست بہشتی جو مع فہرست بہشتیان جو اندر شہر جاری ہیں۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ بہشتیات جو مندرجہ فہرست مرتبہ صفائی جو اندر شہر کے جاری ہیں بند کردی جاویں انکے جو تیسے بیماری پھیلتی ہے چنانچہ امسال بیماری کی غایت درجہ کثرت رہی اندر شہر بہشتیات کا جاری رہنا مضر صحت ہے چنانچہ پیشتر جو شہر سے علیحدگی بہشتیات کی تجویز ہوکر اجلاس اعلی سے منظور ہوچکی ہے وہ اسی بنا پر کہ سب کمیٹی حفظان صحت کی یہ رائے تھی کہ اندر آبادی بہشتیات کا جاری رہنا مضر صحت ہے موری دروازہ اور بریلی دروازہ واسطے بہشتیات کے جگہہ تجویز ہوئی ہے وہاں ہونی چاہئیں اب جسقدر بہشتیات حسب اجازت کمیٹی کے وقتاً فوقتاً ممانعت کے اجرائے حکم کے جاری ہوگئی ہیں وہ مسدود ہونی چاہئے اور کمیٹی کی وہ رائے اور اجازت جسکی بنا پر بہشتیات جاری ہوگئی ہیں واپس ہونا چاہئے اور آئندہ قطعی ممانعت ہے کہ اندر آبادی بہشتی جو جاری	ملاحظہ ہوا ۲۱ مارچ ۱۸۹۵ء دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

	بالجناب صاحب و انیس پریزیڈنٹ بہادر کے اجلاس میں گزارش ہو۔		
۲۔ عرضی سماۃ راحت بیاری کیفیت صفائی بدرخواست اجراے بمبی چونہ محلہ سرائے دروازہ برای سبزی	بالاتفاق تجویز ہوا کہ باہر دروازہ کے بمبی جاری ہونا چاہیے اندر دروازہ کے اجازت نہیں ہو سکتی درخواست نامنظور۔		
۳۔ عرضی لطیف الحسن بدرخواست گندیدگی گڈا محلہ پل پختہ مع کیفیت صفائی۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ حسب دفعہ ۳۰ باب چہارم دستور العمل میونسپلٹی اجازت دیجاوے کہ غلیظ چیز وغیرہ سے گڈا انباشت ہو۔		
۴۔ عرضی سماۃ عنایت النساء بیگم بدرخواست گندیدگی گڈا محلہ پل پختہ مع کیفیت صفائی	بالاتفاق تجویز ہوا کہ حسب دفعہ ۳۰ باب چہارم دستور العمل میونسپلٹی اجازت دیجاوے کہ غلیظ چیز وغیرہ سے گڈھا انباشت ہو۔		
۵۔ عرضی حمید خان بدرخواست اجازت گندیدگی گڈا مع کیفیت صفائی۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ حسب دفعہ ۳۰ باب چہارم دستور العمل میونسپلٹی اجازت دیجاوے کہ غلیظ چیز وغیرہ سے انباشت نکیا جاوے۔		
۶۔ عرضی مستقیم دکاندار سبزی منڈی وغیرہ کا معاملہ دربارہ زیادہ ستانی بیوپاریہ چوکیدار	بالاتفاق تجویز ہوا کہ صاحب سکرٹری میونسپل بورڈ تحقیقات کامل کر کے مفصل حال لکھیں۔		
۷۔ عرضی خوب چند گہری ساکن بازار بدرخواست وصول بیت زنگی خود بہ تقرر اقساط۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ اگر کوئی شخص معتبر ذمہ دار ہو جاوے تو حسب درخواست سائل عہ ماہوار وقت لیئے جاویں اور بقیہ رقم دو دو روپیہ ماہوار کے حساب سے وصول کیجاوے اور صفائی کو یہ بھی لکھا جاوے کہ پھر ریت جمع نہو ورنہ ریت وصول ہوتا ہے اگر خوب چند حسب تجویز بالا ریت ادا نکریگا تو کل ریت یکمشت وصول کیا جاویگا اور کوئی عذر مسموع نہوگا۔		

۸- نقشہ تجویز پرتہ جدید چوکیدارہ۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ ابھی پرتہ جدید کی تعداد اسامیان ... ماہوار کی جو صاحب سکرٹری بورڈ نے تجویز کیا ہے اور ممبر صاحبان بورڈ نے بھی حلقہ حلقہ کی جانچ کی ہے لہذا کمیٹی کی رائے میں یہ پرتہ قابل منظوری ہے اور یکم اپریل ۱۹۱۸ء سے یہ پرتہ جاری ہونا چاہیئے اور اگر منظوری ہو تو یہ پرتہ وصول ہوا کرے باجلاس عالیجناب صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر گزارش ہو۔	اسکی نقل اور فرد پرتہ پیش ہو حکم صادر ہوگا ۔ ۱۲ مارچ ۱۹۱۸ء دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
۹- نقشہ وصولباقی پرتہ چوکیدارہ بابت فروری ۱۹۱۸ء تعدادی ... روپے	بالاتفاق تجویز ہوا کہ پرتہ کی وصول میں ہمیشہ دقت رہتی ہے اور باقی کثیر ہر مہینے میں آتی ہے اسوقت بھی ... روپے باقی ہیں ملازمان صفائی تحصیل کنندگان پرتہ کی کوشش کافی نہیں ہوتی نہ ملازمان صفائی کا کچھ رعب اب ہے اسیوجہ سے باقی کثیر رہتی ہے کمیٹی کی رائے میں اگر تحصیل پرتہ کا کام حضور تحصیل کے متعلق کر دیا جاوے تو یقین ہے کہ کل پرتہ ماہ بماہ وصول ہوتا رہیگا اور اسقدر باقی نہیں رہا کریگی باجلاس عالیجناب صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر گزارش ہو۔	تحصیل کا کام وصولی پرتہ بدستور جیسا کہ اب ہوتا ہے کوشش زیادہ وصول ہونا چاہیے ۱۲ مارچ ۱۹۱۸ء دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
۱۰- فرد لغایا پرتہ چوکیدارہ ذمگی اہل خاندان تعدادی ... روپے	بالاتفاق تجویز ہوا کہ باجلاس عالیجناب صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر بہر صدور حکم مناسب پیش ہو۔	پورٹ فرد لغایا پرتہ پیش ہو حکم مناسب صادر ہوگا ۱۲ مارچ ۱۹۱۸ء دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
۱۱- فرد نادہندگان پرتہ چوکیدارہ رقمی ... روپے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ عالیجناب صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر کے اجلاس میں بہر صدور حکم مناسب پیش ہو بہتر ہو کہ معرفت حضور تحصیل یہ رقم وصول کرائی جاوے۔	افراد اور رپورٹ کے پیش ہونے پر حکم صادر ہوگا ۲۱ مارچ ۱۹۱۸ء دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
۱۲- فرد ناداران تعدادی ... روپے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ ممبر صاحبان اپنے اپنے حلقہ جات کی بابت بعد تحقیق اطلاع فرماویں کہ درحقیقت یہ لوگ نادار ہیں۔	
۱۳- فرد فوتی وفراری وغیرہ تعدادی ... حالیہ ...	بالاتفاق تجویز ہوا کہ ممبر صاحبان میونسپل بورڈ کی خدمت میں بھیجا جاوے بعد تحقیقات جانچ اطلاع فرماویں۔	

۱۴- کاغذات لندا گنگی چلمن پر دکانات قصابان مع دستور العمل میونسپلٹی۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ چونکہ دستور العمل میونسپلٹی و کونسل سے منظور ہوکر جاری ہوا ہے اور دستور العمل کی دفعہ ۳۱ باب چہارم کا منشا ہے کہ دکانات قصابان پر چلمن لگی جاویگی لہذا قصابان کو اطلاع دیجاوے کہ اگر اندر ایک ہفتہ کے چلمن اپنی اپنی دکان پر خود نہ رکھینگے تو منجانب سرکار ڈلوا کر قیمت وصول کیجاویگی۔	
۱۵- عرضی عبد الحمید بہ کیفیت صفائی دربارہ تعین نرخ فروخت مچھلیان۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ کمیٹی سے نرخ مچھلیان تجویز نہیں ہوسکتا۔	
۱۶- نوٹ بخشی صاحب فوج ممبر بورڈ باطلاع نہ آنی بلہای متعلقہ تعمیرات میونسپلٹی برای جانچ موقع و نہ اطلاع دہی جانے آغاز کام بنابر دیکھ بھال مصالحہ خشت وغیرہ باجوب تجویز کمیٹی و منظوری اجلاس اعلے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ صاحب میونسپل انجینیر سے جلد تر کیفیت طلب ہو کہ خلاف تجویزات سابقہ عملدرآمد کی کیا وجہ ہے۔	کمیٹی کو انتظامی حالت میں دست اندازی ضرورت نہیں ہے۔ ۱۰ اپریل ۹۵ء دستخط جناب والیس پریذیڈنٹ بہادر
۱۷- نوٹ بخشی صاحب فوج باطلاع منہدم پڑا ہونے مکان گھاسی متصل مکان منشی لتا پرشاد۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ بعد دریافت نام و نشان خود مالکین جناب مجسٹریٹ بہادر ضلع کے براے کارروائی ضابطہ نوٹ نذر مرسل ہو۔	
۱۸- نوٹ بخشی صاحب فوج باطلاع عمدگی کام شیخ نذیر احمد نائب گرداور صفائی حلقہ جات۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ عالیجناب صاحب والیس پریذیڈنٹ بہادر کے ملاحظہ کیلیے نوٹ پیش ہو۔	

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۵ لغایت ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۹۵ء

نام تحصیل	تفصیل پیدائش: مرد — مسلمان	مرد — ہنود	عورت — مسلمان	عورت — ہنود	میزان	تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل مذہب — ہنود	تفصیل فوتے: [illegible] — مرد	عورت	[illegible] — مرد	عورت	۱۲ سال سے زیادہ — مرد	عورت	میزان — مرد	عورت	تفصیل مذہب — مسلمان	ہنود	تفصیل امراض: [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۲	۲۸	۳	۲۰	۵۷	۹	۴۸	۱۱	۲	۲	۰	۸	۴	۲۱	۲	۶	۲۱	۰	۰	۲۷	۰	۲۷	۰
ملک	۳	۱۷	۲	۲۰	۴۲	۵	۳۷	۰	۱	۴	۰	۲	۰	۱۰	۱	۱	۱۰	۰	۰	۰	۱۱	۱۱	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
میزان	۹	۴۵	۵	۴۰	۹۹	۱۴	۸۵	۱۱	۳	۶	۰	۱۴	۴	۳۱	۷	۷	۳۱	۰	۰	۲۷	۱۱	۲۸	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۵ لغایت ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۲ ار	۱۵ ار	۱۳ ار	۰	۱۴ ار	حضور تحصیل و بلاسپور کا نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۱۸ ار	۲۲ ار	۱۸ ار	۰	۱۹ ار	
نخود گندم آمیز	۰	۰	۲۵ ار	۲۰ ار		۰	
جو	۰	۰	۲۱ ار	۰		۰	
باجرہ	۰	۱۰ ار	۹ ار	۹ ار	۰	۹ ار	
مونگ	۰	۱۲ ار	۱۰ ار	[illegible]	۰	۹ ار	
مکا	۰	۰	۰	۱۵ ار	۰	۰	
چنے	۰	۰	۳۰ ار	۰	۰	۲۶ ار	
گرنجی	۰	۲۰ ار	۲۱ ار	۰	۰	۲۱ ار	
عدس	۰	۲۵ ار	۰	۰	۰	۲۰ ار	
ارہر	۰	۰	۰	۰	۰	۲۰ ار	
برنج	۰	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۰	۱۰ ار	
روغن زرد	۰	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۰	۱ ار	
روغن سیاہ	۰	۳ ار	۳ ار	۲ ار	۰	۳ ار	
روغن کنجد	۰	۲ ار	۲ ار	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۰	۸ ار	۹ ار	۰	۰	۸ ار	
نمک لاہوری	۰	۷ ار	۶ ار	۰	۰	۷ ار	
قند سیاہ	۰	۹ ار	۸ ار	۸ ار	۰	۹ ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور